اور ثابت کرتا ہے کہ کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ عمران خان کے خلاف عدالتی فیصلہ ایک اہم موڑ ہے، جو ملک میں قانون کی بالادستی اور انصاف کے قیام کا واضح پیغام دیتا ہے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کیس میں عدالت نے جو فیصلہ دیا ہے، وہ انصاف کی فتح ہے اور اس سے بدعنوانی کے خلاف واضح پیغام گیا ہے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ عمران خان کے کیس میں عدالت نے تمام قانونی تقاضے پورے کیے ہیں، اور ہر شہری اور سیاسی رہنما کو عدالتی فیصلوں کا احترام کرنا چاہیے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نے ریاستی وسائل کا ناجائز استعمال کیا، اور یہ فیصلہ بدعنوانی کے خاتمے کے لیے ایک تاریخی سنگ میل ہے صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کا فیصلہ ایک شفاف عدالتی عمل کی عکاسی کرتا ہے، اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے صوبائی وزیر ڈیری ڈویلپمنٹ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ عدالتی فیصلہ بدعنوان عناصر کے خلاف ایک واضح پیغام ہے اور یہ قانون کی بالادستی کی جیت ہے صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کیس میں انصاف کا بول بالا ہوا ہے، اور اس فیصلے کا احترام ہر کسی پر لازم ہے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ یہ فیصلہ واضح کرتا ہے کہ بدعنوانی کے خلاف کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ انصاف کے اس فیصلے سے قانون کے احترام کا پیغام پورے ملک میں گیا ہے صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ عدالتی فیصلے کو تنقید کا نشانہ بنانا غیر مناسب ہے، ہمیں قانون پر اعتماد کرنا ہوگا صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کیس کا فیصلہ ثابت کرتا ہے کہ ریاست قانون کی بالادستی کے لیے سنجیدہ ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اداروں پر اعتماد رکھنا اور ان کے فیصلوں کا احترام کرنا جمہوریت کا اہم حصہ ہے مشیر کھیل مینا مجید بلوچ مشیر ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل، مشیر محنت و افرادی قوت سردار زادہ غلام رسول عمرانی نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کیس بدعنوانی کے خلاف قانون کی ایک مضبوط مثال ہے اور عدالتی فیصلہ انصاف کا مکمل احاطہ کرتا ہے اس فیصلے کی پاسداری ہر سطح پر ہونی چاہیے پارلیمانی سیکرٹریز میر محمد خان لہڑی، حاجی ولی محمد نورزئی، سردار مسعود خان لونی، اسفندیار کاکڑ، نوابزادہ زرین خان مگسی، میر اصغر رند، عبدالصمد گورگیج، لیاقت علی لہڑی، عبیداللہ گورگیج، محترمہ شہناز عمرانی، سنجے کمار، حاجی برکت علی رند، ہادیہ نواز نے کہا کہ عدالتی فیصلے کو سراہا جانا چاہیے اور اس کا احترام کرنا ہم سب پر لازم ہے یہ ملکی تاریخ کا ایک اہم اور غیر معمولی فیصلہ ہے جس سے کرپشن کی حوصلہ شکنی ہوگی اور انصاف کا معیار تمام شخصیات کے لئے یکساں ہونے کا واضح پیغام جائے گا اراکین اسمبلی ملک نعیم خان بازئی، پرنس آغا عمر خان احمد زئی، فرح عظیم شاہ، سلمہ بی بی، مولوی نوراللہ، ڈاکٹر اشوک کمار، زرک خان مندوخیل نے کہا کہ یہ فیصلہ انصاف کی جیت اور قانون کی بالادستی کو یقینی بناتا ہے اس فیصلے کے اثرات کرپشن اور لاقانونیت کے خاتمے کیلئے دیرپا نتائج کے حامل ہوں گے، دوسری جانب بلوچستان کے سیاسی و سماجی اور عوامی حلقوں سمیت سول سوسائٹی کی جانب سے بھی عدالتی فیصلے کا خیر مقدم کیا گیا ہے صوبے کے مختلف علاقوں بشمول کوئٹہ، نصیر آباد، صحبت پور، خاران میں عوام اور سیاسی نمائندوں کی طرف سے فیصلے کے حق میں مسرت کا اظہار کرتے ہوئے مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 JAN 2025 Page No. 14

## سولر منصوبہ کی جلد تکمیل کیلئے کوششیں جاری ہیں' چیف سیکرٹری بلوچستان

### سولر منصوبے کیلئے جلد دیگر زمینداروں کو بھی رقوم کی ادائیگی کی جائیگی' شکیل قادر

زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد کی ملک نصیر احمد شاہوانی کی قیادت میں چیف سیکرٹری سے ملاقات' مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (اے پی پی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے جمعہ کے روز زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد نے ملاقات کی وفد میں چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمان بازئی، عبدالجبار کاکڑ، حاجی عزیز سرپرہ، سید صدیق اللہ آغا، عید محمد کرد، فضل الرحمان ودیگر شامل تھے وفد نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا چیف سیکرٹری شکیل قادر نے مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے کہا کہ سولر منصوبہ کی جلد تکمیل کیلئے کوششیں جاری ہیں جلد دیگر زمینداروں کو بھی رقوم کی ادائیگی کی جائیگی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 18 JAN 2025

Page No. 16

# بلوچستان، موسیٰ خیل اور مرغا کبزئی میں امن جرگوں کا انعقاد

## آئی جی ایف سی نارتھ، علاقہ مشران اور سول انتظامیہ کے حکام شریک

## امن کیلئے مقامی آبادی کی حمایت پر شکر گزار ہیں، میجر جنرل عابد مظہر

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل اور مرغا کبزئی میں امن جرگوں کا انعقاد کیا گیا۔ جرگوں میں آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر، علاقہ مشران اور سول انتظامیہ کے حکام نے شرکت کی۔ جرگوں میں سیکیورٹی صورتحال، امن وامان اور علاقوں کیلئے (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت کی گئی۔ قبائلی عمائدین نے خوارج کے خلاف موثر کارروائیوں پر پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آئی جی ایف سی (نارتھ) بلوچستان میجر جنرل عابد مظہر نے کہا کہ امن وامان کے قیام میں مقامی آبادی کی حمایت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ایف سی شہریوں کو تحفظ اور علاقے کیلئے دیگر فلاحی اقدامات جاری رکھے گی۔ شرکاء نے ملکر امن دشمنوں کو شکست دینے پر اتفاق کیا۔ علاقہ عمائدین نے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت کی۔ سول انتظامیہ کے حکام کی جانب سے ان منصوبوں کی جلد تکمیل کی یقین دہانی کرائی گئی۔

# پولیومہم کے 100 فیصد نتائج حاصل کئے جائیں، ڈی سی سبی

## سبی کا ماحولیاتی سیمپل بھی مثبت آرہا ہے جو تشویش کا باعث ہے، جہانزیب شیخ

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ کی زیر صدارت انسداد پولیومہم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں ایس ایس پی دوستین دشتی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سولنگی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر قادر ہارون، ڈبلیو ایچ او سے نصیر احمد کرد سمیت تمام محکموں کے سربراہان نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ نے کہا کہ 3 فروری کو شروع ہونے والی پولیومہم کے 100 فیصد نتائج کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ مہم کو موثر بنانے کے لیے مائیکرو پلان پر کام کیا جائے انکاری اور رہ جانے والے کیسز کو زیرو سطح پر لایا جائے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈبلیو ایچ او کے نمائندے نصیر احمد کرد نے بتایا کہ ضلع سبی میں 39217 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے جس میں 288 ٹیمیں کام کریں گی جبکہ فکسڈ سائٹ 46 اور ٹرانزٹ ٹیمیں 22 ہوں گی انہوں نے بتایا کہ ضلع سبی کا ماحولیاتی سیمپل بھی بار بار مثبت آرہا ہے ڈپٹی کمشنر سبی نے ماحولیاتی سیمپل مثبت آنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ اس مہم پر مکمل توجہ دی جائے اور تمام متعلقہ افسران پولیومہم کے حوالے سے بہتر انتظامات کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ جب تک تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اس میں اپنا حصہ نہیں ڈالیں گے تب تک پولیومہم میں وہ کامیابی حاصل نہیں کی جاسکتی جس کے ہم خواہش مند ہیں اس لئے ضروری ہے کہ مہم کے دوران نیک نیتی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیے جائیں کوتاہی یا غفلت کا مظاہرہ کسی صورت بھی برداشت نہیں کیا جائے گا۔

# گوادر، اے سی کا آتشزدگی سے متاثرہ گھر کا دورہ

## متاثرہ خاندان کی ویڈیو وائرل ہوئی تھی، نقد امداد فراہم کی گئی

گوادر (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر میر جواد احمد زہری نے گاؤں سوئڈی میں آتشزدگی کے نتیجے میں تباہ ہونے والے گھر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پی ڈی ایم اے کے شیخ بلوچ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ مہیا کی گئیں۔ اس کے علاوہ متاثرہ خاندان کو نقد امداد بھی فراہم کی گئی تاکہ نقصان کا کسی حد تک ازالہ کیا جاسکے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر میر جواد احمد زہری نے بتایا کہ متاثرہ خاندان کی ایک ویڈیو کل سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، جس میں ایک ماں اپنی مشکلات بیان کر رہی تھی۔ یہ معاملہ فوری طور پر ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن اور ڈی جی پی ڈی ایم اے کے علم میں لایا گیا، جس کے بعد ضروری اشیاء کے ساتھ متاثرہ مقام کا دورہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا، "ہم نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مکمل تعاون فراہم کیا ہے تاکہ متاثرہ خاندان کی مشکلات کم کی جاسکیں۔" اسسٹنٹ کمشنر نے مخیر حضرات اور عوام سے اپیل کی کہ وہ اس مشکل وقت میں متاثرہ خاندان کی مدد کے لیے آگے بڑھیں۔ ان کے تعاون سے غریب خاندان دوبارہ اپنی زندگی کی بحالی کی جانب گامزن ہو سکتا ہے۔ متاثرہ خاندان نے اسسٹنٹ کمشنر میر جواد احمد زہری اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی فوری امداد سے انہیں بہت سہارا ملا ہے۔

CamScanner

## نوتال میں ڈاکوؤں نے کوچوں اور چھوٹی گاڑیوں کے مسافروں کو لوٹ لیا

**پردہ دار خواتین کی بے حرمتی کرکے ان کی تلاشی، واقعہ کیخلاف مسافروں کا احتجاج، شاہراہ بلاک کردی**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نوتال قومی شاہراہ پر نامعلوم ڈاکوؤں نے کوچز کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرکے مسافروں کو لاکھوں روپے نقدی اور دیگر سامان لوٹ لیا جبکہ مسافر بس میں سوار پردہ دار خواتین کی بے حرمتی کرکے ان کی تلاشی لی گئی واقع کیخلاف مسافروں نے احتجاج شاہراہ ٹریفک کے لیے بلاک۔ کردی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں کوئٹہ سے آنے والی مسافر کوچز اور چھوٹی گاڑیوں کے راستے میں نامعلوم ڈاکوؤں نے رکاوٹیں کھڑی کرکے مسافر کوچز اور چھوٹی گاڑیوں میں سوار پردہ دار خواتین کی بے حرمتی کرکے ان اور دیگر مسافروں کر کے متعدد تولہ اور دیگر مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا واقع کے خلاف مسافروں نے احتجاج شاہراہ بلاک کردی اس موقع پر مسافروں نے الزام عائد کیا کہ قومی شاہراہ پر مسافروں کو پولیس تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے آئے روز شاہراہ پر ڈکیتی کی وارداتوں نے مسافروں کا جینا محال کردیا ہے جبکہ عینی شاہدین کے مطابق نامعلوم ڈاکوؤں نے عورتوں کی بے حرمتی کرکے لاکھوں روپے کا سونا بھی اتار کر لے گئے متعدد گھنٹوں گزرنے کے بعد پولیس کی یقین دہائی پر احتجاج ختم کردیا گیا۔

## گوادر اور جیونی سے تین ملزمان گرفتار، مسروقہ سامان برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گوادر پولیس نے تین ملزمان کو گرفتار کرکے مسروقہ سامان برآمد کرلیا ایس ایس پی گوادر ضیاء اللہ خان مندوخیل نے جنگ کو بتایا کہ گوادر میں جرائم کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں گزشتہ روز گوادر سے پولیس کو مطلوب ملزم پرویز جبکہ جیوانی میں دو ملزمان محمد عارف اور کبیر کو گرفتار کرکے چوری شدہ سامان برآمد کرلیا۔

## حب جھولے لال مندر میں چوری

حب (نامہ نگار) جھولے لال مندر میں چوری کی واردات، نامعلوم چور مندر کی دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہوئے اور مندر کے اندر دروازے کا تالا توڑ کر مندر سے دو جوت صاحب سمیت ارٹی فیشل سونا اور مندر کی چندہ والی پیٹی توڑ کر نقدی لے اڑے۔ مندر میں چوری کے واقعات پر ہندو پنچایت و ہندو برادری میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ چوری کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او بیروٹ قاضی صابر مندر پہنچے اور واردات کے مختلف جگہوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر جھولے لال شیوا منڈلی رہنما پرکاش کمار قمبرانی ل، کاکارام چند اقلیتی کونسلر مولچند لاسی، چیون کمار پرکاش، کمار اور نارول ساگر دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ایس ایچ او بیروٹ نے یقین دہانی کرائی کہ جلد ہی چوروں کو گرفتار کیا جائے گا اور چوری کے واقعہ کی تفتیش کی جارہی ہے۔



## قلات، سیکورٹی فورسز کے قافلے کے قریب دھماکے، ایک اہلکار شہید 2 زخمی، فورسز

**سیکورٹی فورسز کی گاڑیوں کے قریب دھماکے سرخین اور قلات شہر میں ہوئے، سیکورٹی ذرائع**

قلات (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع قلات کے دو مقامات سرخین و قلات شہر میں قومی شاہراہ قریب سیکورٹی فورسز کے قافلے کے قریب دھماکے، ایک اہلکار جاں بحق جبکہ 2 اہلکار زخمی ہو گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز معمول کی گشت پر تھی جمعرات کے روز سرخین کے


بقیہ نمبر 58 صفحہ 5 پر


قریب دھماکہ میں ایک اہلکار جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہوئے جبکہ آج بروز جمعہ کو قلات میں نیشنل ہائی وے پیسا ہوٹل کو ہنگ کے قریب سیکورٹی فورسز کے قافلے کے قریب آئی ای ڈی دھماکہ ہوا تاہم دھماکے میں کسی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا مزید تحقیقات شروع کردی گئی۔

## قلات میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

**مقتول کی شناخت منیر احمد کے نام سے ہوئی ہے، واقعہ سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہے، پولیس**

قلات (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع قلات میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز قلات میں محلہ خیل علاقے میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص منیر احمد کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور فرار ہو گئے مقتول کی نعش کو ضابطے کی کارروائی کے


بقیہ نمبر 14 صفحہ 5 پر


بعد ورثا کے حوالے کردیا گیا ہے، اس سلسلے میں مزید کارروائی کی جارہی ہے۔


CamScanner

ڈان اخبار

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 18 JAN 2025

Page No. 19


# سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ روڈ پر زیر تعمیر نالہ، دکانداروں کا اعتراض احتجاج کی دھمکی

**پہلی بار کوئٹہ شہر میں ترقیاتی کام جاری، خوش آئند اقدام ہے لیکن ہماری دکانوں کو جان بوجھ کر ٹھیکیدار سڑک کے نیچے لا رہے ہیں، عابد جدون، زاہد خان، قدرت خان کاکڑ**

**رکن صوبائی اسمبلی میر لیاقت لہڑی، کمشنر کوئٹہ، ڈی سی کوئٹہ سے اپیل ہے کہ قابل اعتراض نالہ پر فوری کام رکوا دیں، معمولی بارش ہوئی تو پانی دکانوں کے اندر داخل ہوگا**

**سڑک کے دونوں اطراف نالہ بنانے کی ایسی کیا مجبوری آن پڑی، جس سے سڑک بھی 10 سے 15 فٹ چھوٹی ہوگئی، اور اب آئے روز ٹریفک جام کا مسئلہ بن گیا ہے، گفتگو**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ روڈ کے دکانداروں نے بنائے جانے والے نالہ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار کوئٹہ شہر میں ترقیاتی کام جاری ہے جو خوش آئند اقدام ہے لیکن ہمارے دکانوں کو جان بوجھ کر سڑک کے نیچے لانے والے اقدام کی ہم ہرگز اجازت نہیں دینگے بلکہ اس عمل کیخلاف جمہوری آئینی قانونی احتجاج جاری رکھیں گے سڑک کے ایک طرف نالہ بنایا گیا تھا اس کو ادھورا چھوڑ دیا اب ہمارے دکانوں کے سامنے نالہ شروع کیا ہے جو ایک فٹ سڑک سے بھی اوپر ہے سڑک کے برابر نالہ بنانے کے ہم خواہشمند ہے لیکن روڈ ٹھیکیدار نے ہمارے روزی روٹی کی دشمنی شروع کر رکھی ہے ہم رکن صوبائی اسمبلی میر لیاقت خان لہڑی، کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات، ڈی سی کوئٹہ سعد بن اسد، چیف سیکرٹری بلوچستان قادر خان وزیر اعلیٰ بلوچستان اور مقتدر اعلیٰ حکام سے اپیل کرتے ہیں کہ فوری طور پر اس پر ترقیاتی کام رکوا کر ہمارے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے دکانداروں زاہد خان، قدرت خان کاکڑ، حمید خان، اختر خان، دلاور خان، عابد جدون، وزیر خان اور دیگر متعدد علاقہ کے دکانداروں نے الزام عائد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ 1972ء میں سیٹلائٹ ٹاؤن میں اسکیم بنی ہوئی ہے، سابقہ ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ڈسٹرکٹ کونسل آفس کے سامنے بنایا گیا نالہ ادھورہ چھوڑا گیا ہے جس کی وجہ سے زیارت روڈ سیٹلائٹ ٹاؤن کا کراس کو ایک فٹ پرانا پائپ لائن ڈالا ہوا ہے اس کو ادھورا چھوڑ دیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اسی نالے کو مزید وسیع کرتے ہوئے کونسل کے سامنے روڈ کے نالہ کے پائپ نکال کر تین فٹ والا پائپ ڈالنا چاہیے تھا چھوٹے پائپ ڈالنے کی وجہ سے پچھلے تین برس سے برساتی پانی روڈ پر آتا ہے اور روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتا ہے اب روڈ کے دوسری طرف نالہ کی کیا ضرورت تھی یہاں پر نالہ بنایا جا رہا ہے جو روڈ سے کم از کم ایک فٹ اوپر ہے۔ جس کی وجہ سے دکانداروں کا کاروبار متاثر ہوا ہے، اور پچھلے تین ماہ سے کرایہ بھی پورا نہیں ہو رہی ہے، جس طرح ہیلپر سکول کے سامنے پائپ ڈالے گئے ہیں اسی طرح ہمارے دکانوں کے سامنے بھی پائپ ڈال کر نالے کو روڈ کے ساتھ برابر کیا جائے تاکہ روڈ بھی 10 سے 12 فٹ چھوٹا نہ ہو اب روڈ کے دونوں اطراف نالہ بنانے کی وجہ سے روڈ بھی 12 فٹ چھوٹا ہو گیا ہے، ہم تمام دکانداروں کی ایم پی اے میر لیاقت لہڑی، کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ اس کام کو روک کر دوبارہ ترتیب دیا جائے جس میں ہم دکانداروں کے خدشات دور ہو اور ہماری روزی روٹی کے دروازے بند نہ ہو، مطالبات نہ مانے گئے تو ہم جمہوری آئینی قانونی احتجاج کے جتنے بھی شق آئین پاکستان میں موجود ہیں وہ اختیار کرینگے۔



# کوئٹہ، سردی کی شدت میں اضافہ بجلی، گیس غائب، عوام پریشان

**عوامی نمائندے گیس، بجلی فراہم کرنے میں ناکام دادرسی کرنے والا کوئی نہیں**

**بچے، بوڑھے، خواتین اور مریضوں کو انتہائی مشکلات کا سامنا، نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سردی کی شدت میں اضافہ بجلی، گیس غائب عوام پریشان عوامی نمائندے، گیس اور بجلی حکام فراہمی یقینی بنانے میں ناکام عوام کی دادرسی کرنے والا کوئی نہیں بلوچستان شہر نا پرساں بن گیا عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سردی کی شدت میں اضافہ گیس پریشر میں کمی و بندش اور بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے معمولات زندگی متاثر ہیں لوگ ٹھٹھر کر رہ گئے بچے، بوڑھے، خواتین ......... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

اور مریضوں کو انتہائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شدید سردی میں بجلی اور گیس کی بندش اور ایل پی جی گیس اور سوختنی لکڑی مہنگی ہونے کی وجہ سے لوگوں کی قوت خرید جواب دے گئی بلوچستان کے علاقے سوئی سے گیس نکلنے کے باوجود یہاں کے باسی اس نعمت سے محروم چلے ہیں جبکہ ملک کے دیگر صوبے اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں عوامی حلقوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ گیس کی بندش پریشر میں کمی اور بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: میزان

Bullet No. 6 Dated: 18 JAN 2025 Page No. 20

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا حب کیلئے متعدد منصوبوں کا اعلان!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ حب بلوچستان کا ایک بڑی اہمیت کا حامل صنعتی شہر ہے یہ صوبے کا واحد شہر ہے جہاں پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتیں اور کارخانے قائم ہیں جن سے لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد کا روزگار منسلک ہے۔ یہ شہر چونکہ بلوچستان اور سندھ کے سنگم پر واقع ہے اس لیے اس میں بلوچستان اور سندھ دونوں صوبوں کے لوگ رہتے ہیں جو مختلف اداروں میں کام کررہے ہیں۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حب کے دورے کے دوران ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حب کے لیے متعدد منصوبوں کا اعلان کیا جن میں حب ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا قیام، حب ماسٹر پلان کی منظوری، جام غلام قادر ہسپتال کو انڈس ہسپتال کے سپرد کرنا، ضلعی کونسل اور ٹاؤن کمیٹی کو 25-25 کروڑ روپے کی فراہمی، ساکران کو تحصیل کا درجہ دینے، لوہی کو ٹاؤن کمیٹی بنانے پر غور، بے نظیر بھٹو نرسنگ کالج کا قیام اور گڈانی سے حبکو تک 16 کلو میٹر کی تعمیر کے منصوبے شامل ہیں۔ انہوں نے صنعت کاروں کو حب میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ حب کو ترقی کا حقیقی مرکز بنایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ حب کی ترقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ یہ انڈسٹریل اسٹیٹ طویل عرصے سے نظرانداز رہی ہے لیکن موجودہ صوبائی حکومت اس علاقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرے گی۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تاجروں سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی۔ حب کی صنعتوں کو فعال اور مستحکم بنانے کے لیے جامع پالیسی پر عمل کیا جارہا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری بلوچستان میں صنعت کاری کے فروغ میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے حب کے دورے کے دوران اس کے لیے متعدد منصوبوں کا اعلان قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ یہ شہر صوبے کا اہم شہر ہے۔ انہوں نے اس کی ترقی اور اس میں سرمایہ کاروں کو جو سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے وہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وزیراعلیٰ اس سلسلے میں بہت سنجیدہ اور شہر کی ترقی کے خواہاں ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ت اعلیٰ تعلقات عامہ
کومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 JAN 2025 Page N


## بلوچستان میں صنعت وحرفت کی ترقی: مزید اقدامات کی ضرورت

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ سے پیوستہ روز بلوچستان کے صنعتی شہر حب کا دورہ کیا ہے جس کے دوران انہوں نے کھلی کچہری سے بھی خطاب کیا سائلین کے مسائل سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی ساتھ ہی انہوں نے ایوان صنعت وتجارت حب کے نمائندہ وفد سے بھی ملاقات کی وزیراعلیٰ نے انڈسٹریل اسٹیٹ کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی، صنعتی زونز میں ماحول سازگار بنانے کی بھی انہوں نے یقین دہانی کرائی ساتھ ہی حب میں شہری سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کا اعلان کیا انہوں نے ماسٹر پلان کا بھی تذکرہ کیا کہ حب ماسٹر پلان کی منظوری ہو چکی ہے انہوں نے حب ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام کا بھی اعلان کیا۔ ہر چند کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کھلی کچہری سے اپنے خطاب میں صدر مملکت جناب آصف علی زرداری کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ صدر مملکت نے حب کو اپنا دوسرا گھر قرار دیا ہے تاہم اس سے ہٹ کر بھی دیکھا جائے تو حب کی اپنی ایک مسلمہ معاشی اہمیت ہے۔ کراچی سے متصل بلوچستان کا یہ آخری شہر صوبے کا واحد ایسا شہر ہے جس نے گزشتہ تین چار عشروں کے دوران صنعتی ترقی کی حب میں قائم کارخانے، چھوٹی بڑی صنعتیں اور کاروباری مراکز اہمیت اہمیت کے حامل ہیں حب کو چھوڑ کر صوبے کے کسی دوسرے ضلع یا شہر میں صنعت وحرفت نے خاطر خواہ ترقی نہیں کی حتیٰ کہ یہاں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بھی صنعتیں نہ ہونے کے برابر ہیں حالانکہ دیکھا جائے تو کراچی کی قربت کے سوا حب کے پاس اور کچھ بھی نہیں جبکہ تربت اور گوادر سے لے کر خضدار اور سبی سے لے کر کوئٹہ بوستان چمن اور ژوب شیرانی تک بلوچستان میں جا بجا سرمایہ کاری اور صنعت وحرفت کی ترقی کے بے پناہ اور لامحدود امکانات موجود ہیں بلوچستان کی آبادی باقی صوبوں کی نسبت بہت کم اور رقبہ انتہائی وسیع وعریض ہے سمندری حدود بھی اگر اس رقبے میں شمار کی جائیں تو بلوچستان کا رقبہ آدھے پاکستان سے زائد بن جاتا ہے مگر اس آدھے پاکستان میں آج بھی صنعت وحرفت نہ ہونے کے برابر ہے صوبے کا سب سے بڑا پیداواری شعبہ زراعت ہے اس کے بعد گلہ بانی ایک محتاط اندازے کے مطابق زراعت اور لائیو سٹاک سے بلوچستان کی ستر فیصد سے زائد آبادی وابستہ ہے مگر زمینی حقائق یہ ہیں کہ زراعت آج بھی قدیم طریقے سے ہو رہی ہے سندھ سے متصل اضلاع کو چھوڑ کر کسی ضلع میں نہری نظام ہی نہیں زراعت کا انحصار ٹیوب ویلوں پر ہے اور ٹیوب ویل بجلی کے زور سے چلتے ہیں ایک طرف پانی کی قلت دوسری جانب توانائی بحران اور اوپر سے فارم ٹو مارکیٹ روڈز کا انحطاط اور دیگر مسائل مل کر جو منظرنامہ تشکیل دیتے ہیں وہ یہ ہے کہ ماضی قریب تک پاکستان کا فروٹ باسکٹ کہلانے والا صوبہ آج زراعت میں تنزلی کا شکار ہے اسی طرح قدرتی چراگاہوں کی بہتات اور لائیو سٹاک کے بے انتہاء مواقع کے باوجود ہماری اس شعبے کی ایکسپورٹس نہ ہونے کے برابر، اس کے بعد آتی ہے کان کنی، کوئلہ کان کنی آج بھی بیسویں صدی کے فرسودہ طریقوں پر ہو رہی ہے آئے روز کوئلہ کان کنوں کی جانیں ضائع ہوتی ہیں وافر مقدار میں کوئلہ ہونے کے باوجود ہم نہ کوئلے سے بجلی تک نہیں بنا پا رہے اسی طرح کرومائیٹ کی کان کنی سے بھی ہزاروں گھروں کے چولہے جلتے ہیں مگر صورت احوال افسوسناک، صوبے میں توانائی اور متبادل ذرائع سے توانائی کی پیداوار کے بے انتہاء مواقع، سرمایہ کاری کے لامحدود امکانات مگر آج بھی صوبے میں سرکاری شعبے کو چھوڑ کر نجی شعبہ نہ ہونے کے برابر ملازمتیں پیدا کر رہا ہے وجہ کیا ہے؟ وجہ یہ ہے کہ صوبے میں صنعتی سرگرمیوں کو خاطر خواہ فروغ حاصل نہیں ہوا اس سے بڑھ کر کیا المیہ ہو سکتا ہے کہ کوئٹہ کے بڑے بڑے بزنس مین بلوچستان کو چھوڑ کر باقی صوبوں میں کارخانے لگا رہے ہیں یہ ایک المیہ ہے اور اس المیہ کا تدارک تبھی ہو سکتا ہے جب بلوچستان میں صنعت وحرفت کی ترقی کے لئے ماضی کی حکومتوں کے روایتی اقدامات سے ہٹ کر کام کیا جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے چھوٹے بڑے جتنے بھی سیاسی اور معاشی مسائل ہیں ان سے کماحقہ آگاہ بھی ہیں اور ان کے حل کے لئے کوشاں بھی ہیں انہیں ہماری تجویز ہے کہ وہ بلوچستان میں صنعت وحرفت کی ترقی کے لئے ماضی کی روش سے ہٹ کر اقدامات کو یقینی بنائیں مثال کے طور پر مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے منصوبے بنائیں یوٹیلٹی بلز اور ٹیکسوں کی مد میں استثنیٰ یا مخصوص مدت کی چھوٹ کا اعلان کریں صوبے میں پہلے سے قائم انڈسٹریل زونز میں سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں نئے زونز کے قیام پر کام کریں اور اس حوالے سے وفاق رابطہ کر کے وفاق کی معاونت سے نئے منصوبے شروع کئے جائیں بلوچستان اس وقت ایک نئی کروٹ لے رہا ہے پہلے سے بلوچستان میں بے انتہاء مواقع اور امکانات موجود تھے اب پاک چین اقتصادی راہداری کے عظیم الشان منصوبے کی بدولت صوبے میں معاشی اور کاروباری سرگرمیوں میں غیر معمولی تیزی آ رہی ہے اور ماہرین معیشت اس رائے کا اظہار کر رہے ہیں کہ آنے والے چند برسوں میں گوادر سمیت پوری ساحلی پٹی اور مجموعی طور پر پورے بلوچستان میں سی پیک کی بدولت ایک نئے عہد کا آغاز ہو گا اس ضمن میں ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے مزید اداروں کے قیام، نوجوانوں کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ عصری اور فنی تعلیم کی فراہمی، ہنرمند افرادی قوت کی دستیابی کے لئے کام کیا جائے بلوچستان میں صنعت وحرفت کا قلمدان حال ہی منتخب ہو کر آنے والے میر علی حسن زہری کے پاس ہیں میر علی حسن زہری صوبے میں نعت وحرفت کی ترقی کے لئے وفاقی اور صوبائی حکومت کے دوٹوک اقدامات بابت پرعزم دکھائی دیتے ہیں انہوں نے حال ہی میں اپنے ایک پالیسی بیان میں اس بابت تفصیلی وضاحت کی ہے انڈسٹریز کو چاہئے کہ وہ بلوچستان حکومت کے ساتھ بیٹھ کر نئے لئے معاہدے کی تکمیل کریں وزیر صنعت وحرفت نے گزشتہ ہفتے چالیس سے زائد ایسی انڈسٹریز جن کے ساتھ صوبائی حکومت کے لیز معاہدے ختم ہو چکے ہیں ان کے خلاف کارروائی کا بھی عندیہ دیا اور کہا ہے کہ بلوچستان کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ان سطور میں ہم وزیراعلیٰ اور وزیر صنعت وحرفت کو یہ تجویز دیتے ہیں کہ وہ نہ صرف نے لیز معاہدوں میں بلوچستان کا حصہ بڑھانے کی جدوجہد کریں اور صوبے میں کام کرنے والے انڈسٹریز کو صوبائی حکومت کے شانہ بشانہ عوام کو روزگار کے مواقع کی فراہمی اور زیادہ سے زیادہ سماجی خدمات کے لئے آمادہ کریں اور ساتھ ہی ایک ایسے پیکج کا بھی اعلان کریں جس کی بدولت صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور صنعت وحرفت کی ترقی کے اہداف کا جلد سے جلد حصول ممکن ہو سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 6

Dated: 18 JAN 2025 Page No. 22

## صنعتی شہر حب کی تعمیر وترقی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا قابل ستائش عزم

کراچی سے متصل بلوچستان کے صنعتی شہر حب کا ذکر ہم اکثر و بیشتر سنتے اور پڑھتے رہتے ہیں یہ بلوچستان کا واحد شہر ہے جہاں صنعت وحرفت کو فروغ حاصل ہوا ہے اور اس میں قائم کارخانے اور چھوٹی بڑی صنعتیں نہ صرف لوگوں کے لئے روزگار کا ذریعہ بنی ہوئی ہیں بلکہ قومی معیشت میں بھی یہاں سے حاصل ہونے والے ریونیو کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا حب شہر کی تعمیر وترقی کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز قابل ستائش اور مستحسن عزم کا اظہار کیا ہے جو یہ کہا ہے کہ حب کو جدید سہولیات سے آراستہ ایک ترقیافتہ شہر بنایا جائے گا اس ضمن میں وزیر علیٰ نے حب ماسٹر پلان کا بھی ذکر کیا اور ساتھ ہی صنعتکاروں کے نمائندہ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے صنعت وحرفت کی ترقی اور صنعتکاروں کے مسائل کے حل کے لئے بھی دوٹوک اقدامات کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حب میں کھلی کچہری سے بھی خطاب کیا اور کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے حب کو اپنا دوسرا شہر کہا ہے حب کو ماڈل سٹی بنایا جائے گا اور اس ضن میں مختلف اقدامات اٹھائے جائیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج سے پہلے حب کھنڈرات کا منظر پیش کرتا رہا اب حب کو انشاء اللہ ڈیویلپ سٹی بنائیں گے، حب ماسٹر پلان کی اپروول ہو چکی، حب میں واقع گورنمنٹ جام غلام قادر ہسپتال کو انڈس ہسپتال کے سپرد کیا جائے گا اور حب میں محترمہ بینظیر بھٹو کے نام سے نرسنگ کالج کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کی درخواست پر ڈسٹرکٹ کونسل حب اور میونسپل کارپوریشن حب کے لئے عوامی اسکیمات کو مزید تیز کرنے کے لئے پچیس، پچیس کروڑ روپے کا بھی اعلان کیا وزیر اعلیٰ نے گڈانی ٹو حبکو روڈ کی تعمیر کا بھی اعلان کیا کھلی کچہری کے موقع پر وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر زراعت علی حسن زہری اور سینیٹر عبدالقدوس بزنجو سمیت قبائلی، سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات کی بڑی تعداد موجود تھی، اس موقع پر وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے انہیں بتایا ہے کہ حب میرا دوسرا گھر ہے اور حب کو ماڈل سٹی ہونا چاہئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حب آج تک کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے اور حب کو انشاء اللہ ڈیویلپ سٹی بنائیں گے انہوں نے کہا کہ حب کو ایک ترقی یافتہ شہر بنا کر دکھائیں گے، انہوں نے کہا کہ حب ماسٹر پلان کی اپروول ہو چکی، حب ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے اعلان کر رہا ہوں وزیر اعلیٰ نے اپنے دورے کے موقع پر حب کے صنعتکاروں سے بھی ملاقات کی چیمبر آف کامرس نمائندہ وفد نے ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ کو حب انڈسٹریل اسٹیٹ میں درپیش مسائل اور ترقیاتی ضروریات سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے ان مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے حب انڈسٹریل اسٹیٹ کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا حکم دیا اور سیکورٹی کے ضلعی انتظامیہ کو خاطر خواہ اقدامات کرنے کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حب بلوچستان کا صنعتی مرکز ہے اور یہاں کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے صنعتکاروں کو مکمل تعاون فراہم کرنے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ صنعتی زونز میں سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ حب کی صنعتوں کو فعال اور مستحکم بنانے کے لیے جامع پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری بلوچستان میں صنعتکاری کے فروغ میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں اور ان کی ہدایات پر حب کی ترقی کے لیے خصوصی توجہ دی جا رہی ہے وزیر اعلیٰ نے حب کو بلوچستان کا صنعتی مرکز بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سرمایہ کاروں کے لیے ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی تا کہ نہ صرف مقامی معیشت مضبوط ہو بلکہ عوام کو روزگار کے بہتر مواقع بھی میسر آئیں صنعتکاروں کے وفد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اقدامات کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ حکومت کے تعاون سے حب انڈسٹریل اسٹیٹ ترقی کی نئی منازل طے کرے گا ہم بھی اسی امید کا اظہار کرتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جن اقدامات کا اعلان کیا ہے انہیں عملی جامہ پہنایا جائے گا حب جیسا کہ ہم نے تمہیدی سطور میں کہا نہ صرف بلوچستان بلکہ مجموعی قومی معیشت میں بھی اہمیت کا حامل کردار ادا کر رہا ہے اسے بلوچستان کا واحد صنعتی شہر ہونے کا درجہ حاصل ہے مگر بدقسمتی سے حب میں بھی بلوچستان کے دیگر شہروں کی طرح بنیادی سہولیات کا فقدان ہے اس بابت جہاں ماضی کی حکومتوں نے کوئی توجہ نہیں دی وہاں ایک المیہ یہ بھی ہوا کہ حکومتوں کی عدم توجہی کو دیکھتے ہوئے صنعتکاروں نے بھی اپنی سماجی ذمہ داریاں نہیں نبھائیں حب میں بڑے بڑے بزنس ٹائیکون بیٹھے ہوئے ہیں بڑے بڑے تاجر اور صنعتکار گروپس حب میں براجمان ہیں وہ اگر اپنی ذمہ داریاں نبھائیں تو شاید صوبائی حکومت کے زیادہ اخراجات بھی نہ ہوں پانی، نکاسی آب، شہر کی تزئین و آرائش یہ بہت چھوٹے چھوٹے کام ہیں صنعتکاروں کو چاہئے کہ وہ اس بابت صوبائی حکومت کی معاونت کریں بہر حال ہم وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے عزم کو سراہتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ وہ نہ صرف حب میں تعمیر وترقی کے اعلانات کو عملی جامہ پہنائیں گے بلکہ حب کی طرز پر بلوچستان کے دیگر بہت سارے شہر جہاں صنعت وحرفت کی ترقی کے وسیع امکانات ہیں ان کی جانب متوجہ

wife, Bushra Bibi

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 JAN 2025 Page No. 2

# بلوچستان کے 29لاکھ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر

ملک کے 44 فیصد رقبے پر محیط بلوچستان تعلیم کے میدان میں دیگر صوبوں سے کافی پیچھے ہے، آزاد کشمیر اور پنجاب تعلیمی میدان میں بہت آگے جا رہے ہیں لیکن بلوچستان میں جہاں دیگر مسائل ہیں وہیں تعلیمی پسماندگی بھی اہم مسئلہ ہے۔ اس کی کچھ وجہ حکمران ہیں تو کچھ ذمے داری سیاسی و مذہبی رہنماؤں اور والدین پر بھی عائد ہوتی ہے۔ بلوچستان کی آبادی کا ایک بڑا حصہ تعلیم سے محروم ہے غربت سمیت مختلف وجوہات کی بنا پر اب بھی 29 لاکھ بچے اسکول نہیں جاتے، وسائل کی کمی کی وجہ سے ان بچوں کو اسکولوں میں بھیجنا حکومت کے لیے بھی امتحان بن گیا ہے، ایک تازہ ترین رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں 58 فیصد بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ جن کی تعداد 29 لاکھ سے زائد ہے جو سہولت کے فقدان اور غربت کی وجہ سے اسکول نہیں جا سکتے اور مختلف ہوٹلوں، گیراجوں، کارخانوں، غنچہ فروشی اور گھروں میں معمولی سی اجرت پر کام کرتے ہیں۔

09 ستمبر 2024 کو بلوچستان کے محکمہ تعلیم نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا تھا کہ صوبے بھر میں 3 ہزار 500 سے زائد اسکول اساتذہ کی قلت کے باعث غیر فعال ہیں۔ رکن بلوچستان اسمبلی کے سوال پر تحریری جواب میں محکمہ تعلیم نے بتایا کہ فروری میں نئی حکومت کے آنے کے بعد سے 542 اسکول بند ہو چکے ہیں، جس کے بعد تمام 35 اضلاع میں لڑکوں اور لڑکیوں کے غیر فعال اسکولوں کی تعداد 3 ہزار 694 تک پہنچ چکی ہے۔ جن اضلاع میں سب سے زیادہ غیر فعال اسکول ہیں، ان میں پشین (254 اسکول)، خضدار (251)، قلات (179)، قلعہ سیف اللہ (179)، بارکھان (174)، آوران (161) اور کوئٹہ (152 اسکول) شامل ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کے آبائی شہر ڈیرہ بگٹی میں تعلیمی عملے کی کمی کے باعث 13 اسکول بند ہیں، دستاویزات سے پتا چلتا ہے کہ صوبے میں اس وقت تقریباً 16 ہزار اساتذہ کی کمی ہے۔

موجودہ حکومت کے قیام کے بعد بلوچستان میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ کی گئی اور متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں لیکن تعلیم کے فروغ کے لیے بھرپور محنت کرنے، مستقل اقدامات اور بروقت فیصلے کرنے کی ضرورت ہے، ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ اسکولز کے مطابق موجودہ حکومت کے دور میں 700 سے زائد بند اسکول کھول دیے گئے، نئے ٹیچرز کی بھرتیاں بھی کنٹریکٹ پر کی گئیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت کی روشنی میں تعلیمی بہتری کے لیے کام جاری ہے، اس کے ساتھ حکومت نے اسکولوں میں میل پروگرام بھی شروع کیا ہے، جس میں بچوں کو کھانا بھی دیا جائے گا۔ تعلیمی ایمرجنسی کے تحت کام جاری ہے، بند اسکول کھلنے کے بعد اب بچے اسکول میں آنے لگے ہیں، اسکولوں سے باہر رہ جانے والے بچوں کو اسکولوں میں لا رہے ہیں، والدین کو بھی ضلعی سطح پر آگاہی دی جا رہی ہے، صوبائی حکومت اپنے وسائل کے مطابق کام میں مصروف ہے۔

ساڑھے تین ہزار بند اسکولوں میں 700 کھولنا ایک اچھا عمل ضرور ہے لیکن یہ کوئی بڑا کمال نہیں ہے، المیہ ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں اسکول بند کیوں ہوئے، اسکولوں کی بندش سے یہ صورتحال واضح ہے کہ ہمارے حکمرانوں کی ترجیحات کیا ہیں۔ اب رپورٹ آئی ہے کہ 29 لاکھ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر ہیں یقیناً یہ ایک تشویشناک صورتحال ہے۔

کہا جاتا ہے کہ بچے مستقبل کے معمار ہوتے ہیں اور اگر بچے ہی تعلیم اور تربیت سے محروم ہوں گے تو کوئی بھی ذی شعور شخص اندازہ لگا سکتا ہے کہ بلوچستان کا مستقبل کیا ہوگا۔ بلوچستان کے بہتر مستقبل اور دنیا کے ساتھ مقابلے کے لیے ہر بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ضروری ہے، ورنہ موجودہ صورتحال ہی صوبے میں نظر آئے گی۔ اس کے علاوہ جن بچوں کے کئی سال ضائع ہو گئے ہیں ان کے لیے بھی ایک تعلیمی سلسلہ بنایا جائے کہ انہیں عمر کے حساب سے کلاسوں میں داخلہ دیا جائے اور ماضی کی کمی کو دور کرنے کے لیے انہیں علیحدہ سے تعلیم فراہم کی جائے تاکہ بچوں کی تعلیم کی کمی دور ہو سکے۔ اس کے لیے ریٹائرڈ اساتذہ کی بھی خدمات حاصل کی جا سکتی ہیں، اسی طرح شام کے اسکولوں کا بھی انتظام کیا جا سکتا ہے جہاں کام کرنے والے بچے شام سے رات تک تعلیم حاصل کر سکیں۔ اگر حکومت چاہے تو بہت کچھ کیا جا سکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 JAN 2025 Page No. 24

# Banning students' political activities

The Balochistan government has implemented a ban on political activities across all government-run educational institutions in the province, following a directive issued by the Balochistan High Court (BHC). The court issued the order after considering a petition and called for disciplinary action against those found violating it. The ban has triggered a vigorous debate among student organizations, political parties, and even religious groups, all expressing concern over its implications. While the aim of creating an academic environment free from distractions and disruptions is understandable, the long-term effects of such a ban require careful consideration. Supporters of the ban argue that student involvement in political activities can disrupt the academic calendar, sow division, and expose young people to extremist ideologies. They believe that educational institutions should be focused exclusively on academic learning and intellectual development, without the influence of political agendas. Conversely, critics contend that political awareness and engagement are crucial for the development of well-rounded individuals. By curbing political discourse, there is a risk of producing a generation of politically disengaged citizens who are ill-equipped to understand and actively participate in democratic processes. Historically, student movements have played a significant role in shaping national debates and advocating for social and political change. Young people have an innate curiosity about the world around them, and an outright ban on political activities may drive such discussions underground, where they can be more easily manipulated and radicalized. Instead of imposing a blanket ban, a more balanced approach is required. Educational institutions should prioritize creating safe and inclusive spaces for open, respectful political dialogue. This could include organizing debates, inviting political leaders to engage in discussions, and supporting student-led initiatives aimed at addressing both local and national issues. Moreover, schools should place a strong emphasis on fostering critical thinking and media literacy. By equipping students with the skills to analyze information objectively, identify biases. Additionally, it is essential to engage with student organizations and political parties to better understand their concerns and collaborate on finding solutions. By involving all stakeholders in the process, a framework can be developed that strikes a balance between maintaining a conducive learning environment and encouraging political awareness and civic engagement. While the intentions behind the ban may be well-meaning, it is important to consider the potential negative consequences of restricting political activities within educational institutions. By fostering open dialogue, critical thinking, and collaboration, we can ensure that students become informed, engaged citizens while also preserving an environment conducive to learning and personal growth.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 JAN 2025 Page No. 25


## بلوچستان رائیٹرز گلڈ، یوتھ فار کشمیر اور بزم صائب کے زیر اہتمام تقاریب

بلوچستان کا صوبائی دار الحکومت کوئٹہ جسے وادی شال کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اِن دنوں شدید سردی کی لپیٹ میں ہے اور مہردر، چلتن، زرغون و تکتو کے سرد جھونکوں نے مذید زمستان بنا دیا ہے تاہم اِس ٹھٹھرتے موسم میں کوئٹہ کا ادبی منظر بڑا گرم رہا۔ اکادمی ادبیات



### ادبی منظرنامہ

شیخ فرید

پاکستان کوئٹہ کے آڈیٹورم میں بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) نے سالِ نو کی تقریب منعقد کی۔ بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) نے سال 2024ء کے متعین کردہ ادبی اہداف مکمل کرتے ہوئے ادبِ اطفال کے حوالے سے بلوچستان کے نامور ادباء کی کہانیوں کا انتخاب "سمندر گنگناتا ہے" شائع کیا جو کہ ادبی پیش رفت کے لئے ایک اچھا شگون ہے مذکورہ تقریب سالِ نو کی مناسبت سے ہوئی جس کی صدارت نامور ادبی شخصیت پروفیسر ڈاکٹر عرفان احمد بیگ (تمغہ امتیاز) نے کی، تقریب میں مشہور شاعر اور پشتو زبان کے دانشور سرور سودائی اور لاہور کے مہمان شاعر رمضان صابر پنوار نے مہمانانِ گرامی کی حیثیت سے شرکت کی۔ ڈاکٹر عرفان بیگ نے اپنے خطاب میں بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کی ادبی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ برگ نے چھوٹی تنظیم ہوتے ہوئے بڑے بڑے ادبی معرکے سر کئے ہیں گزشتہ سال میں برگ نے محدود وقت میں ادب اطفال کے ضمن میں بلوچستان کے بڑے ادیبوں کی کہانیوں کا انتخاب "سمندر گنگناتا ہے" شائع کر کے مثالی کارکردگی کا عملی ثبوت دیا ہے جو سالِ رواں میں حوصلہ افزاء امر کا باعث ہو گا۔ سرور سودائی نے شرکائے محفل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ برگ ایک منظم، فعال اور متحرک ادبی تنظیم ہے جس نے صوبے بھر میں ادبی فروغ کے لئے ہمیشہ نت نئی راہیں استوار کی ہیں سال بھر ادبی سیمینار، ادبی کانفرنس اور ادبی تقاریب کا انعقاد کر کے بلوچستان نے نوجوان اہلِ قلم کو آگے بڑھنے اور اپنے کو ادبی دنیا میں منوانے کے بہترین موقع فراہم کرنے کے لئے برگ کا کردار قابل ستائش ہے تقریب کا آغاز نئے سال کی دعا سے ہوا معروف نعت خواں شہزاد عالم نے بارگاہ رسالتؐ میں اپنی مسحور کن آواز میں گلہائے عقیدت پیش کئے بعد ازاں سالِ نو کی مناسبت سے مشاعرے کا انعقاد ہوا جس میں تسنیم صنم، صدف غوری، پروفیسر حسین بخش ساجد، پروفیسر رشید حسرت، نور خان محمد حسنی، انور بھٹی، وقاص احمد کاشی، عجب خان سائل، اکبر نسیم، رحیم بلوچ، عزیز اللہ، اور نصیر احمد گل جی نے اپنا خیال افروز کلام پیش کیا، تقریب میں جماعت اسلامی کے رہنماء حافظ حنیف کاکڑ، براہوئی زبان کے ادیب و شاعر شاہین بارانزئی، افتخار یوسف، محمد اقبال، معروف ادیب امداد مینگل اور شیخ فائق کے علاوہ خدائے میر نے شرکت کی جبکہ اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کے ناظم ڈاکٹر قیوم بیدار نے اپنے ٹیلی فونک خطاب میں اکادمی کی ادبی سرگرمیوں کے آغاز پر شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور اِس بات کا عندیہ دیا کہ اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ بلوچستان میں علم و ادب کی ترقی اور اہلِ قلم کی فلاح و بہبود کیلیے ہمہ وقت کوشاں رہے گی۔ تقریب کے اختتام پر سالِ نو کا خصوصی کیک کاٹا گیا. سالِ نو میں بھی اہلِ قلم نے عمرے کی سعادت کا سلسلہ جاری رکھا۔ پروفیسر ڈاکٹر صابر بولانوی عمرے کی ادائیگی کے بعد کوئٹہ پہنچ گئے ہیں، جبکہ تسنیم صنم اپنے بیٹے وقاص کاشی کے ہمراہ مکہ معظمہ روانہ ہو گئیں۔ 5 جنوری کو یوتھ فورم فار کشمیر اور بزمِ صائم ادبیات نے مشترکہ تقریب کا اہتمام کیا گیا مقررین نے کشمیر کے حقِ خود ادرایت پر اظہار خیال کیا بعد ازاں محفلِ مشاعرہ ہوا۔ جس کی صدارت اعجاز امر نے کی ڈاکٹر کامران کامل مہمانِ خاص کی حیثیت سے مدعو تھے۔ ڈاکٹر قیوم بیدار نے اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کا چارج سنبھال لیا ہے اور بروز بدھ 22 جنوری کو ممتاز شاعر، ادیب اور صحافی آغا نیاز مگسی کی یاد میں ریفرنس منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 JAN 2025

Page No.



صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت احمدون کے وفد ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ایڈیشنل ڈپ
کمشنر جنرل انور کاکڑ سے ملاقات کررہے